سے مدد لی جاسکے۔

مزید برآں کتاب کے متن کا فانٹ کافی مناسب رکھا گیا ہے۔خصوصاً احادیث شریف کا فانٹ اور حرکات نہایت واضح ہیں، تاکہ عربی سے معمول شد بد رکھنے والا شخص بھی آسانی کے ساتھ حدیث شریف کا اصل متن پڑھ سکے۔حروف خوانی خاصی احتیاط سے کی گئی ہے۔کتاب کے متن کو حضرت شیخ الحدیث رحمہ اللہ کے منہج پر رکھا گیا ہے، حتی کہ ''آوے جاوے'' کو بھی نہیں بدلا گیا، یہ انداز اب باقی نہیں رہا ہے۔اگر کتاب کی جدید تخریج وتحقیق کے دوران اسے ''آئے، جائے'' میں بدل لیا جاتا تو بہتر ہوتا۔بہر حال اس میں کوئی شبہ نہیں کہ ''فضائل اعمال'' کو بہتر سے بہتر بنانے کی کوشش کی گئی ہے۔اس کے حُسن طباعت کو دیکھتے ہوئے قیمت کافی کم اور مناسب لگی۔اللہ تعالیٰ اس نسخے کو اپنے ہاں قبول اور عندالناس مقبول بنادیں۔(آمین)۔

زم زم پبلشرز کراچی کی مطبوعات

فوائد مکیہ:

فوائد مکیہ فن تجوید کی معروف کتاب ہے۔اِسے استاذ الاساتذہ مولانا القاری المقری مولانا عبدالرحمٰن مکی صاحب رحمہ اللہ نے تالیف فرمایا تھا۔برصغیر پاک وہند میں شاید ہی کوئی مدرسہ ہو جس میں یہ کتاب داخلِ نصاب نہ ہو۔اگرچہ یہ مختصر رسالہ ہے، مگر دریا بکوزہ کے مصداق فن تجوید کے تمام رموز کو سموئے ہوئے ہے، یہی وجہ ہے کہ اس کتاب کی اہل ذوق نے مختلف شروحات لکھی ہیں۔ہمارے پاس تبصرے کے لیے جو نسخہ آیا ہے اس پر مولانا قاری محبّ الدین صاحب ناروی نے ''حواشی مرضیہ'' کے نام سے عمدہ حواشی لکھے ہیں۔مزید تسہیل واضافہ برحواشی مرضیہ مولانا قاری محمد رضوان ابن غلام رسول کے قلم سے ہیں۔زم زم پبلشرز نے اس کتاب کی دورنگا عمدہ طباعت کرائی ہے۔177 صفحات پر مشتمل یہ کتاب 160 روپے میں دستیاب ہے۔

سیرت خاتم الانبیاء:

یہ کتاب مفتی اعظم حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب رحمہ اللہ کی تالیف لطیف اور داخل نصاب ہے۔ابتدائی درجات کے طلبہ کے لیے بے حد مفید ہے۔اسے مولانا محمد سعید بن ہارون دمنی کی عمدہ تعلیقات کے ساتھ دو رنگوں میں شایع کیا گیا ہے۔کل صفحات 175، قیمت 220 روپے ہے۔

عربی صفوۃ المصادر مع لغاتِ جدیدہ:

''صفوۃ المصادر'' حضرت مولانا مشتاق احمد چرتھاولی رحمہ اللہ کی تالیف ہے۔اول روز سے ہی مدارس دینیہ